Tarjihaat
Volume: 1II
Issue: IX-X
ستمبر۔اکتوبر ۲۰۲۳
Sept.Oct 2023
آن لائن ادبی رسالہ
ترجیحات
ISSN: 2583-0082
WORLD URDU RESEARCH & PUBLICATION CENTRE
WURNP

ڈاکٹر ناصرالدین قمرالدین ناصر

ملکاپور ضلع بلڈاھانہ
9860170513

چاند

اک روز ماہتاب کو یوں روشنی ملی
ظلمت کو چیرا ایسا کہ پھر چاندنی کھلی

خاور بھی محو حیرت، تارے بھی چپ رہے
ارض و سماں میں چاند کو یوں بھاگنی ملی

کس نے کہا کہ دھند یہ ستاروں کو مل گئی
یوں مسکرا کے چاند کو اب راگنی ملی

یوں تو فلک پہ دیکھا ہے ہم نے ہزار بار
ابر سیاہ میں چاند کو یہ کامنی ملی۔

سارے جہاں کی خوبی اس میں سمٹ گئی
چمکا جو ہند سارا جہاں۔ دامنی ملی۔

***